14/03/2026

12:30 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں عابدہ اختر

مغربی ایشیائ

اپنی سو فیصد گنجائش پر کام کر رہی Refineries مرکزی سرکار نے کہا ہے کہ ملک میں سبھی میں خام تیل کا وافر سٹاک موجود ہے۔ مغربی ایشیاءکے موجودہ حالات کے Refineryہیں اور ہر تناظر میں پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وَزارت کی جوائنٹ سیکریٹری سجاتا شرما نے کہا کہ کے25 ہزار ڈسٹری بیوٹرس LPGکی صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہے اور ملک میںLPGوزارت کے پاس کچھ نہ کچھ سٹاک موجود ہے۔ انہوننے لوگوں سے اس بارے میں افواہوں پر کان نہ دھرنے اور Panic Buying۔سے اجتناب کرنے کی تلقین کی

کانفرنس

سرینگر میں کولڈ واٹر فشریز سے SKICC مرکزی حکومت کے محکمہ فشریز کی طرف سے متعلق ایک قومی کانفرنس جا ری ہے ، جس کی صدارت فشریز اور پشو پالن کے مرکزی وزیر راجیو رنجن سنگھ کر رہے ہیں۔

کانفرنس میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ، فشریز کے مرکزی وزرائے ، جموں کشمیر کے وزیر زراعت George Kurain اور Baghel مملکت پروفیسر ایس پی سنگھ جاوید احمد ڈار کے علاوہ کئی دیگر اہم شخصیات بھی شرکت کر رہے ہیں ۔

بادام واری

Almond Blossomدریں اثناءوزیر اعلیٰ عمر عبداللہ آج بعد دوپہر بادام واری سرینگر میں Festival کا افتتاح کریں گے۔ وہ اس موقعے پر جمونو کشمیر کے مختلف باغات میں داخلے کےلئے آن لائن ٹکٹ حاصل کرنے کے نظام کا بھی آغاز کریں گے۔

ہماری ذمہ داری

سماج میں خوشحالی اور لوگوں کے درمیان یکسانیت کو یقینی بنانے کےلئے ضرورت مند افراد کی مدد کرنا انسانیت کا تقاضا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

....(PM)....Byte........

کسی بھی سماج کا آسودہ حال طبقہ اس ضمن میں ایک مثبت اور ٹھوس رول ادا کر سکتا ہے۔اس بارے میں ایک استادارشد حسین نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

Opening Music

........Byte........

Closing Music

Bulletins

ریجنل نیوز یونٹ آکاشوانی سرینگر کل یعنی15مارچ سے خبروں کا ایک اور اُردو بلیٹن نشر کر رہا ہے۔10منٹ کا یہ بلیٹن کل سے ہر روز سہ پہر3بجکر50منٹ سے4بجے تک نشر ہوا کرے گا۔

اس سلسلے میں آکاشوانی نیوز کے ڈائریکٹر جنرل راجیو جین نے باضابطہ آرڈر جا ری کیا ہے جس پر آکاشوانی نیوز سرینگر کے ڈائریکٹر طارق راتھر نے اُن کا شکریہ ادا کیا ہے۔ طارق راتھر نے اس سلسلے میں اپنا تعاون دینے کےلئے آکاشوانی سرینگر کے کلسٹر ہیڈ گُربندر سنگھ اور پروگرام سر براہ غلام رسول آخون کا بھی شکریہ ادا کیا ہے۔

قابل ذکر ہے کہ آکاشوانی نیوز سرینگر اب روزانہ خبروں کے کُل12بلیٹن نشر کرے گا جن میں اُردو کے4اور کشمیری کے 5بلیٹنز کے علاوہ پہاڑی، گوجری اور بلتی زبان کا ایک ایک بلیٹن شامل ہے۔

سرتاج شاہ

ناظم زراعت کشمیر سر تاج احمد شاہ نے کہا ہے کہ شہد کی مکھیوں کو سائنسی طریقے پر پالنے سے دیہی معیشت مضبوط بنانے اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں مدد ملے گی۔

یہ بات انہوں نے سرینگر میں" سائنسی طریقے پر مگس بانی" کے موضوع پر7روزہ پروگراموں کا افتتاح کرنے کے بعد کہی۔

اننت ناگDC

مالی سال2025-26 کے دوران ضلع اننت ناگ میں مہاتما گاندھی نیشنل رورل ایمپلائمنٹ گارنٹی ایکٹ کے تحت دردست لئے گئے9ہزار412کاموں میں سے 7ہزار686 کام مکمل ہو چکے ہیں۔جبکہ اس اسکیم کے تحت31لاکھ44ہزار ایام کار لوگوں کے لئے فراہم کئے گئے۔اس بات کی جانکاری ضلع ترقیاتی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ کو ایک جائزہ میٹنگ کے دوران دی گئی ہے۔میٹنگ کے دوران،ڈپٹی کمشنر نے کلیدی دیہی ترقیاتی پروگراموں کا بھی تفصیلی جائزہ لیا۔

بارہمولہDC

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ سید فخر الدین حامد نے گورنمنٹ میڈیکل کالج بارہمولہ اور اسکے ساتھ منسلک دیگر اسپتالوں کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوںنے صحت سہولیات اور جا ری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔

اس موقعے پر انہوںنے طبی و نیم طبی عملے ، مریضوں اور تیمار داروں کے ساتھ بھی بات چیت کی۔ انہوںنے اسپتالوں میں صفائی ستھرائی کا خاص خیال رکھنے اور ضروری ادویات کی دستیابی کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔

پہلگام

محکمہ روزگار اننت ناگ نے سب ڈویژنل انتظامیہ پہلگام کے باہمی اشتراک سے مشن یووا کے تحت Potential Entrepreneurship میلہ منعقد کیا ۔

پہلگام میں منعقدہ تقریب میں علاقے سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقعے پر ضلع روزگار افسر اننت ناگ نے نوجوانوں کو مشن یووا سے متعلق مفصل جانکاری فراہم کی۔

JKAS

جموںو کشمیر پبلک سروس کمیشن نے سال 2024کےJKAS امتحانات کے نتائج کا اعلان کیا ہے ۔ Mains مرحلے کےلئے کُل2ہزار492اُمید وار منتخب ہوئے تھے جن میں ۔ ان امتحانات کے نتائج کی رو سے345امید واروں کو کامیاب قرار دیا گیا ہے۔

ABSYU شرما نے پہلی ، سِمر ن جیت کور نے دوسری اور ہَرشِت شرما نے تیسری پوزیشن حاصل کی ہے۔

پاسپورٹ

ریجنل پاسپورٹ آفیسر سرینگر نے کہا ہے کہ عام لوگوں کی سہولت کے لئے پوسٹ آفس پاسپورٹ سیوا کیندر اننت ناگ اور پوسٹ آفس پاسپورٹ سیوا کیندر بارہمولہ آج سنیچر کے باوجود کھُلے رہیں گے ۔ پاسپورٹ درخواست دہندگان ان سے سہولیات حاصل کر سکتے ہیں ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

....

....

....